20870-بیمار ہونے کی وجہ سے احرام باندھنے سے قاصر رہا

سوال

پچھلے برس والد صاحب نے حج کیا، وہ بہت سخت بیمار تھے جس کی وجہ سے احرام کی چادریں نہ پہن سکے اب ان پر کیا واجب ہے ؟

پسندیدہ جواب

جب کوئی حاجی بیماری یا سردی وغیرہ کی وجہ سے ضرورت کی بنا پر اپنے لباس میں ہی احرام باندھ لے تو شرعی طور پر اسے اس کی اجازت ہے، اور سلے ہوئے کپڑے کی وجہ سے اس پر واجب ہوگا کہ وہ تین روزے رکھے یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، اور ہر مسکین کو علاقے کی غذا کا نصف صاع دیا جائے گا، یا پھر وہ ایک بکرا جو قربانی کے قابل ہو ذبح کرے۔

اور اسی طرح اگر وہ سر ڈھانپ لے تو یہی حکم ہوگا، اور کسی بھی جگہ روزے رکھنے سے ادائیگی ہوجائے گی، لیکن کھانا کھلانا اور بکرا ذبح کرنے کی جگہ صرف حرم مکہ کی حدود ہے۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اور ان کے صحابہ پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے۔